19/02/2025

09.25 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ مشاہد حسین سے خبریں سُنئے

جتیندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کل لودھی روڑ نئی دلی کے موسم بھون میں Open Air Wall Metrological Musuem کا افتتاح کیا گیا ۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ بھارت کا موسمیات محکمہ گزشتہ 150 برسوں کے دوران موسمیاتی تحقیق کے شعبہ میں ہر اول دستے کا کردار ادا کرتا آ رہا ہے ۔

ستیش شرما

یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس محکمے کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ حکومت جموں کشمیر کو آنے والے برسوں میں کھیلوں کے لئے ایک اہم مرکز بنانے کا عزم رکھتی ہے۔ وزیر موصوف بھگوتی نگر جموں میں منعقدہ 18 ویں جے اینڈ کے وُشو چمپئین شپ کی اختتامی تقریب پر خطاب کر رہے تھے ۔

سکینہ ایتو

سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے ضلع سرینگر میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں کا ایک میٹنگ میں جائزہ لیا ۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت جموں و کشمیر میں عوامی مسائل کو ترجیحی بنیاد پر حل کرنے میں سنجیدہ ہے ۔

IGP کشمیر

کی مشترکہ سیکورٹی تیاریوں کا CRPF کشمیر وی کے بردی نے اننت ناگ میں پولیس اور IGP ایک میٹنگ میں جائزہ لیا ۔ انہوں نے اس موقعہ پر مستقبل میں سیکورٹی چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لئے متعلقہ ایجنسیوں میں باہمی تعاون اور فعال اقدامات کی اہمیت پر زور دیا ۔

NAKSHA

پروگرام قومی NAKSHA یعنی Habitations نیشنل جیو سپیشل نالج بیسڈ لینڈ سروے آف اربن سطح کے ڈیجیٹل لینڈ ریکارڈس پائلٹ پروجیکٹ کے ایک حصے کے بطور گورنمنٹ ڈگری کالج پٹن میں بھی لانچ کیا گیا ۔ جموں و کشمیر اس پہل کے تحت منتخب کئے گئے خطوں میں سے ایک ہے ۔

آڈیٹوریم میں ایک پروگرام LD پلوامہ میں بھی اس سلسلے میں اسلامک یونیورسٹی اونتی پورہ کے منعقد ہوا جس میں ایم ایل اے ترال اور ڈپٹی کمشنر پلوامہ بھی شریک رہے ۔

IICT

نوشہرہ سرینگر میں قائم انڈین انسٹی چیوٹ آف کارپٹ ٹیکنالوجی نے کل قالین بنانے والے
بُنکروں میں اسٹیل سے بنے ہوئے ایک سو جدید ترین
لو

مز تقسیم کئے ¾-

کے ڈائریکٹر زُبیر احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات کر تے IICT اس بارے میں ہوئے کہا۔

--(Zubair Ahmad)--Byte----

سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے کل ضلع میں منشیات کا مقابلہ کرنے کی غرض سے اقدامات کا جائزہ لینے کے لئے ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔ میٹنگ میں منشیات سمگلروں کے خلاف کڑی کاروائی کرنے اور اس لعنت کا قلع قمع کرنے کی غرض سے موثر بیداری پروگراموں کی اہمیت اجا گر کی گئی ۔

گاندربل میں بھی اس سلسلے میں ایک میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس دوران ضلع میں منشیات مخالف سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا

SSCL

ڈاکٹر اویس احمد نے کل مختلف پروجیکٹوں کا برسرِ موقعہ CEO سرینگر سمارٹ سٹی لمیٹیڈ کے جائزہ لے کر اب تک حاصل کی گئی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے متعلقین پر زور دیا کہ وہ پروجیکٹوں کی تکمیل مقررہ وقت پر یقینی بنانے کے لئے اضافی تال میل کے ساتھ کام کریں تاکہ سرینگر شہر کو جدید سہولیات سے لیس ایک شہر میں تبدیل کیا جا سکے ۔

خشک سالی

جمونو کشمیر میں خشک سالی کی صورتحال بنی ہوئی ہے اور رواں موسم سرما کے دوران بارش اور برف باری میں خاطر خواہ گراوٹ درج کی گئی ہے۔ وادی کے ایک نامور ماہر ارضیات اور اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اونتی پورہ کے وائس چانسلر پروفیسر شکیل احمد رومشو نے شعبہ خبر کے ساتھ اس مسئلہ پر بات کرتے ہوئے کہا ۔

--------V/O -------

کولگام

ضلع کولگام کے دور افتادہ علاقے لنکر پمبئی میں جل جیون مشن کے تحت پینے کے پانی کی سپلائی مہیا کرائی گئی ہے ۔ اس مشن کے تحت جموں کشمیر میں اب تک 13 ہزار کروڑ روپے کی لاگت سے تین ہزار 2 سو سے زائد واٹر سپلائی اسکیمیں شروع کی گئی ہےں۔

سُدن P.S

سُدن نے کل ہاری پربت سرینگر میں پولٹری پروجیکٹ P.S محکمہ پش و پالن کے ڈائریکٹر ڈاکٹر کا دورہ کیا ۔ دورے کے دوران انہوں نے مختلف سکیموں کے تحت عملائے جا رہے پروگراموں پر پیش رفت کا جائزہ لیا ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 3اعشاریہ5 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 9 اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ